ilmkidunya

Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 6 Short Questions Test

Q1. آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورۃ البقرہ اور آل عمران کے متعلق کیا فرمایا.

Ans 1: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے ارشاد فرمایا: دو روشن سورتوں سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کو پڑھا کرو، کیوں کہ یہ دونوں قیامت کے دن اس طرح آئیں گی جیسے بادل ہوں یا جیسے پرندوں کی دو صف بستہ جماعتیں ہوں - یہ اپنے پڑھنے والوں کے لیے شفاعت کریں گی.

Q2. سورۃ التوبہ میں کل کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ التوبہ میں کل ایک سو انتیس آیات ہیں

Q3. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

Q4. سورۃ ال عمران مین کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.

Q5. اللہ تعالی کن لوگوں کی گمراہی کا فیصلہ کرتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو گمراہ کرتا لے جو اللہ تعالی کے عہد کو توڑتے، قطع رحمی کرتے زمین پر فساد مچاتے ہیں-

---

Q6. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q7. مباہلہ کے کیا معنی ہے.

Ans 1: مباہلہ کے معنی ہے کہ کسی عقیدے کے بارے میں مختلف آرا رکھنے والے لوگ نہایت عاجزی سے اللہ تعالی کے دربار میں یہ دعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالی کی لعنت اور پکڑ ہو.

Q8. سورۃ الانفال کو سورۃ الانفال کیوں کہا گیاہے.

Ans 1: اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الانفال ہے.

Q9. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعوھم- اعد- عزیز علیہ- حریض- حسبی اللہ

Ans 1: ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعوھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیہے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- یومنون- رزقنھیم- انزل- سواء- لایومنون- غشاوۃ- القیوم - نوم

Ans 1: یومنون- وہ ایمان رکھتے ہیں- رزقنھم- ہم نے انہیں رزق عطا کیا- انزل- نازل فرمایا گیا- سواء- برابر ہے - لا یومنون- وہ ایمان نہیں لائیں گے غشاوہ- پردہ القیوم - سب کو قائم رکھنے والا- نوم - نیند